اخبار وآثار

الشریعہ اکادمی کی سرگرمیاں

☆ ۲۵ ر اکتوبر کو دعوۃ اکیڈمی، اسلام آباد سے آرمی کے خطباء پر مشتمل ۴۵ علماء کے وفد نے ''الشریعہ اکیڈمی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر اکادمی کے سربراہ علامہ زاہد الراشدی مدظلہ نے فکر انگیز اور دلسوز بیان فرمایا۔

☆ ۶ ر نومبر 'الشریعہ اکیڈمی'' کے ۲۳ طلباء اور چار اساتذہ کا قافلہ رائے ونڈ کے سالانہ اجتماع میں شرکت کے لیے روانہ ہوا۔

☆ ۸ نومبر کو ''الشریعہ اکیڈمی'' کے سربراہ علامہ زاہد الرشدی نے سالانہ عالمی اجتماع، رائے ونڈ میں شرکت فرمائی اور وہاں چند اہم شخصیات سے ملاقات کے علاوہ ''جامعہ نصرت العلوم'' کے کیمپ کا دورہ بھی فرمایا۔

☆ ۱۰ ر نومبر کو پندرہ روزہ فکری نشست میں علامہ زاہد الراشدی مدظلہ نے ''قادیانی مسئلہ اور دستوری فیصلہ'' کے عنوان پر گفتگو فرمائی۔

☆ ۲۰ ر نومبر کو عربی بول چال کورس کے اختتام پر طلبا کا امتحان لیا گیا اور کامیاب طلباء میں اسناد تقسیم کی گئیں۔

☆ ۲۳ ر نومبر کو اکادمی کی مجلس تعلیمی کی میٹنگ میں طے کیا گیا کہ آئندہ ربیع الاول کے دوران میں دینی مدارس اور کالجز کے طلبہ کے مابین ''عہد نبوی میں بیت المال کا معاشرتی کردار'' کے موضوع پر ایک تحریری مقابلہ منعقد کروایا جائے گا جس میں اول، دوم اور سوم آنے والے طلبہ کو ایک خصوصی تقریب میں انعامات دیے جائیں گے۔

حکیم محمد عمران مغل صاحب گر کر چوٹ لگنے کی وجہ سے علیل ہیں۔
قارئین سے ان کے لیے دعائے صحت کی درخواست ہے